Darul-Madinah International University Islamabad

Abdul-Haseeb

جامعۃ المدینہ فیضانِ مہر علی اسلام آباد

Date:

ثالثہ B.S (ب)

# قواعدِ النحو الواضح

## (الجزء الثانی)

**س1: فعل معتل الاخر کسے کہتے ہیں؟**

جس کا آخر الف، واو یا یاء ہو، اور ایسے حروف کو حروفِ علت کہتے ہیں۔

**س2: فعل صحیح الاخر کسے کہتے ہیں؟**

جس کا آخر حرف علت میں سے نہ ہو اسے فعل صحیح الآخر کہتے ہیں۔

**س3: کلمات کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟**

جس کا آخر تمام تراکیب میں ایک حالت پر ثابت رہتا ہے اسے مبنی کہتے ہیں۔

جس کا آخر تبدیل ہو اسے معرب کہتے ہیں۔

**س4: مبنی کلمات کونسے ہیں؟**

تمام حروف، افعالِ ماضی اور تمام افعالِ امر مبنی ہیں۔

**س5: انواع البناء کسے کہتے ہیں؟**

احوال جنھیں کلماتِ مبنیہ کے آخر کو لازم کیا گیا ہو انھیں انواع بناء کا نام دیا گیا ہے۔ وہ سکون، فتحہ، ضمہ اور کسرہ ہیں۔

**س6: جن کلمات کو انواع بناء لازم ہوں انھیں کیا کہتے ہیں؟**

انھیں مبنی علی السکون، مبنی علی الفتح، مبنی علی الضم اور مبنی علی الکسر کہا جاتا ہے۔

EXCLUSIVE

Date:

س7: انواعِ اعراب کسے کہتے ہیں؟

احوال جو کلماتِ معربہ کے آخر پر لاحق ہوں۔

وہ چار ہیں: رفع، نصب، جر، جزم

س8: اعراب کی علاماتِ اصلیہ کونسی ہیں؟

وہ چار ہیں: ضمہ، فتحہ، کسرہ اور سکون ہیں۔

س9: رفع، نصب، جر کن کیلئے مخصوص ہیں؟

رفع اور نصب اسماء و افعال میں مشترک ہیں۔
جر کو اسماء کے ساتھ خاص کیا جاتا ہے۔ جیسے جزم افعال کیساتھ

س10: فعل ماضی کا اعراب بیان کریں۔

فعل ماضی مبنی علی الفتح ہوتا ہے سوائے جب وہ واو جماعت سے ملا ہو۔ تب مبنی علی الضم ہوتا ہے جب 'تاء متحرکہ' سے ملا ہو یا نون نسوۃ سے یا 'نا' جب فاعل پر دلالت کرے تب مبنی علی السکون ہوتا ہے۔

س11: فعل امر کا اعراب کیا ہے؟

فعل امر مبنی علی السکون ہوتا ہے جب اسکا آخر صحیح ہو اور وہ کسی شئے سے متصل نہ ہو۔ اور اسی طرح جب وہ نون نسوہ سے ملا ہو۔
مبنی علی الفتح ہوتا ہے جب نون تاکید سے ملا ہوا ہو۔
حذف حرف علت پر مبنی ہوتا ہے جب معتل الآخر ہو۔
مبنی علی حذف نون ہوتا ہے جب تثنیہ کے الف یا واو جماعۃ یا یاء مخاطبہ سے ملا ہو۔

س12: فعل مضارع کا اعراب لکھیں۔

فعل مضارع مبنی علی الفتح ہوتا ہے جب نون تاکید سے ملا ہوا ہو۔

EXCLUSIVE

Date:

مبنی علی السکون ہوتا ہے جب نون نسوہ سے متصل ہو۔
اسے اسکے علاوہ معرب کہا جاتا ہے۔

س13: محلّی اعراب بیان کریں۔

کلمات مبنیہ رفع کی جگہ، نصب کی جگہ، جر کی جگہ یا جزم کی جگہ واقع ہوتے ہیں، ان کا آخر تبدیل نہیں ہوتا۔
انہیں محل رفع، محل نصب، محلّ جر، محل جزم کہا جاتا ہے

س14: فعل مضارع معتل الاخر کا اعراب لکھیں۔

الف، واو، یاء پر ضمہ تقدیری سے رفع دیا جاتا ہے۔
فتحہ مقدرہ سے الف پر نصب دیا جاتا ہے، واو اور یاء پر ظاہری طور پر فتحہ۔
حذفِ آخر سے جزم دیا جاتا ہے۔

س15: مقصور کی تعریف کریں۔

وہ اسم معرب جس کا آخر الف لازمہ ہو۔

س16: مقصور پر کیسے مقدر کیا جاتا ہے؟

تینوں اعراب کو مقصور کے آخر پر مقدر کیا جاتا ہے۔

س17: منقوص کسے کہتے ہیں؟

ہر وہ اسم معرب جس کے آخر کا ما قبل یاء لازمہ مکسور ہو۔

س18: منقوص کا اعراب بتائیں۔

حالت رفعی اور جرّی میں منقوص کے آخر پر ضمہ اور کسرہ کو مقدر کیا جاتا ہے۔
نصبی فتحہ ظاہری کے ساتھ آتی ہے۔

EXCLUSIVE

Date:

19 س: لام تعلیل کیا عمل کرتا ہے؟
فعل مضارع کو لام تعلیل کے بعد جوازی طور پر اَن مضمرہ کے
سبب نصب دیا جاتا ہے۔

20 س: لام جحود کا عمل بتائیں۔
فعل مضارع کو لام جحود کے بعد وجوبی طور پر اَن مضمرہ کے سبب
نصب دیا جاتا ہے۔

21 س: اَوْ بمعنی اِلَا اور اِلَّا کا عمل واضح کریں۔
فعل مضارع کو او بمعنی الا اور الّا کے بعد وجوباً اَن مضمرہ کے سبب
نصب دیا جاتا ہے۔

22 س: حتیٰ کا فعل مضارع پر کیا عمل ہے؟
فعل مضارع کو حتیٰ کے بعد وجوباً اَن مضمرہ کے سبب نصب دیا جاتا ہے:

23 س: فاء سببیہ مضارع کو کیا اعراب دیتا ہے؟
فعل مضارع کو فاء سببیہ مسبوقہ نفی یا طلب کے ساتھ وجوباً
اَن مضمرہ کے سبب نصب دیا جاتا ہے۔

24 س: واو معیہ کا عمل لکھیں۔
فعل مضارع کو واو معیہ مسبوقہ نفی یا طلب کے ساتھ وجوباً اَن مضمرہ
کے سبب نصب دیا جاتا ہے۔

25 س: جوازم مضارع کونسے ہیں؟
حروف جو مضارع کو جزم دیتے ہیں لَمَّا اور لام امر ہیں۔ لَمَّا
لَم کی طرح نفی کرتا ہے۔ بغیر اس کے کہ یہ زمانہ تکلم تک جاری رہتا ہے۔
دوسرا (لام امر) مضارع کو امر کیلئے مستقبل بناتا ہے۔

EXCLUSIVE

Date: ____

س[26]: فعل کو جزم دینے والے ادوات کونسے ہیں؟

بارہ ادوات ہیں:

(i) إنْ (ii) إذْمَا یہ دو حروف ہیں۔

(iii) مَنْ (iv) مَا (v) مَهْمَا (vi) مَتَى (vii) أَيَّانَ (viii) أَيْنَ

(ix) أنّى (x) حَيْثُمَا (xi) كَيْفَمَا (xii) أيّ یہ اسماء ہیں۔

س[27]: افعال خمسہ کونسے ہیں؟

ہر وہ فعل مضارع جو الف تثنیہ یا واو جماعۃ یا یاء مخاطبہ سے متصل ہو۔

س[28]: افعال خمسہ کا اعراب لکھیں۔

افعال خمسہ کو نون کے ثابت ہونے کے ساتھ رفع دیا جاتا ہے۔ اور نون کے حذف ہونے کے ساتھ نصب یا جزم دیا جاتا ہے۔

س[29]: افراد کے لحاظ سے اسم کی اقسام لکھیں۔

اسم کی تین اقسام ہیں:

مفرد مثنی جمع

س[30]: مفرد کی تعریف کیا ہے؟

جو واحد شے پر دلالت کرے۔

س[31]: مثنّٰی کی تعریف لکھیں۔

جو الف و نون یا یاء و نون آخر میں ہوتے ہوئے دو اشیاء پر دلالت کرے۔

EXCLUSIVE

Date:

س32: جمع کی تعریف کریں۔
جو دو سے زائد اشیاء پر دلالت کرے۔

س33: جمع کی اقسام لکھیں۔
جمع کی تین اقسام ہیں:
i) جمع مکسر ii) جمع مذکر سالم iii) جمع مونث سالم

س34: جمع مکسر کی تعریف بیان کریں۔
جو مفرد کی صورۃ بدلے اور دو سے زائد پر دلالت کرے۔

س35: جمع مکسر سالم کی تعریف لکھیں۔
جو دو سے زائد پر دلالت کرے آخر میں واؤنون یا یاءنون کی زیادتی کے ساتھ۔

س36: جمع مونث سالم کی تعریف کریں۔
جو دو سے زائد اشیاء پر دلالت کرے آخر میں الف وتاء کی زیادتی کے ساتھ۔

س37: مثنی کا اعراب کیا ہے؟
تثنیہ کو الف کے ساتھ رفع دیا جاتا ہے اور یاء کے ساتھ نصب و جر دیا جاتا ہے۔

س: جمع مذکر سالم کا اعراب بیان کریں۔
جمع مذکر سالم کو واو سے رفع دیا جاتا ہے، اور یاء سے نصب اور جر دیا جاتا ہے۔

EXCLUSIVE

Date:

س ۳۸: جمع مونث سالم کا اعراب بیان کریں۔
جمع مونث سالم کو ضمہ سے رفع دیا جاتا ہے اور کسرہ سے نصب اور جر دیا جاتا ہے۔

س ۳۹: مضاف کی تعریف کریں۔
اسم کی نسبت مابعد اسم کی طرف کی جائے، اس نسبت یا تخصص کے سبب اسے جانا جاتا ہے۔

س ۴۰: اضافت کے باعث مضاف پر کونسی تبدیلیاں (تنوین ادیا ہو) واقع ہوتی ہیں؟
اضافت کے وقت جب اسکا قبل منون ہو تو اسکے تنوین کو حذف کر دیا جاتا ہے۔ جب وہ تثنیہ یا جمع مذکر سالم ہو تو اسکا نون حذف کیا جاتا ہے۔

س ۴۱: مضاف الیہ کی تعریف اور اعراب بیان فرمائیں۔
ایسا اسم جو مضاف کے بعد آئے مضاف الیہ کہلاتا ہے اور وہ مجرور ہوتا ہے۔

س ۴۲: اسمائے خمسہ کونسے ہیں؟
اسمائے خمسہ یہ ہیں:
ابٌ، اخٌ، حمٌ، فو، ذو

س ۴۳: اسمائے خمسہ کا اعراب بتائیں:
اسمائے خمسہ کو واو سے رفع دیا جاتا ہے، الف سے نصب دیا جاتا ہے اور یاء سے جر دیا جاتا ہے۔
اس کے اعراب میں شرط ہے کہ یہ اعراب یاء متکلم کے بغیر کے لیے مضاف ہو۔

EXCLUSIVE

س ۴۴: فعل کب مونث آئے گا؟

جب فاعل مونث ہو تو فعل مونث آئے گا۔

س ۴۵: فعل ماضی کی علامت تانیث کونسی ہے؟

فعل ماضی میں علامتِ تانیث اسکے آخر میں تا ساکنہ ہوتا ہے۔

س ۴۶: فعل مضارع میں علامت تانیث کونسی ہے؟

فعل مضارع میں علامتِ تانیث اسکے شروع میں تاء متحرکہ ہوتا ہے۔

س ۴۷: مونث اسم کی علامت کتنی اور کونسی ہیں؟

مونث اسم کی علامات تین ہیں جو اسماء کے آخر سے متصل ہوتی ہیں: وہ تاء متحرکہ، الف مقصورہ، الف ممدودہ ہیں۔

س ۴۸: کیا علامتِ تانیث کے بغیر بھی اسم کو تانیث شمار کیا جائے گا؟

کبھی کبھار اسم مونث علامتِ تانیث سے خالی ہوتا ہے۔

س ۴۹: معرفہ و نکرہ کسے کہتے ہیں؟

ایسا اسم جو غیر معین شے پر دلالت کرے۔ نکرہ ہے۔

ایسا اسم جو معین شے پر دلالت کرے۔ معرفہ ہے۔

س ۵۰: علَم کی تعریف کریں۔

ایسا اسم معرفہ جس کے ذریعے کسی شخص، حیوان، مکان یا دوسری شے کا نام رکھا گیا ہو۔

س ۵۱: نکرہ کیسے معرفہ بنتا ہے؟

جب نکرہ پر الف لام داخل ہو تو وہ معرفہ بن جاتا ہے۔

EXCLUSIVE

Date:

س: ضمیر کسے کہتے ہیں؟

ایسا اسم معرفہ جو متکلم، مخاطب یا غائب پر دلالت کرے۔

س: ضمیر منفصل کسے کہتے ہیں اور اسکا اعراب بتائیں۔

وہ جس کے ذریعے دوسرے کلمے سے ملائے بغیر بولنا ممکن ہو۔

وہ رفع اور نصب کے ساتھ خاص ہے۔

س: ضمیر متصل کونسی ہیں؟

جو اکیلی نہ بولی جائے اور ہمیشہ دوسرے کلمے سے ملی ہو۔

س: افعال کے ساتھ متصل ضمیر ~~کونسی ہیں اور~~ کس سے خاص ہیں؟

وہ رفع کے ساتھ خاص ہیں۔ وہ تاء، الف تثنیہ اور واو جمع اور نون نسوہ اور یاء مخاطبہ ہیں۔

س: افعال کے ساتھ کونسی ضمیریں محلِ متصل میں متصل ہوتی ہیں؟ اور کب محل جر میں ہونگی؟

یاء مخاطب، کاف مخاطب اور ھاء غائب جب افعال سے متصل ہوں تو محلِ نصب میں ہوتی ہیں۔

اور جب اسماء اور حروف جر سے متصل ہوں تو محلِ جر میں ہونگی۔

س: جمع متکلم کی "نا" ضمیر کس طرح واقع ہوتی ہے؟

نا ضمیر ایک مرتبہ محلِ رفع میں، ایک بار محلِ نصب میں اور ایک بار محلِ جر میں واقع ہوتی ہے۔

س: ضمیر مستتر کسے کہتے ہیں؟

وہ ضمیر جو لفظوں میں ظاہر ہوئے بغیر فعل سے متصل ہو۔

EXCLUSIVE

Date:

س 59: فعل ماضی میں کونسی ضمیریں پوشیدہ ہوتی ہیں؟

فعل ماضی میں ضمیر مستتر (ھو)، (ھی) پوشیدہ ہوتی ہیں۔

س 60: فعل مضارع میں ضمیر مستتر کا کیا حکم ہے؟

فعل مضارع میں ضمیر مستتر حروف مضارع کے بدلنے سے اسکا مقدر ہونا بھی بدل جاتا ہے۔

س 61: فعلِ امر میں کونسی ضمیر ہمیشہ پوشیدہ ہوتی ہے؟

فعلِ امر میں ضمیر مستتر (انتَ) دائماً پوشیدہ ہوتی ہے۔

س 62: اسم موصول کسے کہتے ہیں؟

ایسا اسم معرفہ جس سے مقصود متعین ہو جائے ایسے جملے کے سبب جس کا بعد صلہ کہلایا جائے۔

س 63: صلہ کس چیز پر مشتمل ہوتا ہے؟

صلہ ایسی ضمیر پر مشتمل ہوتا ہے جو موصول کی طرف لوٹتی ہے اسے ضمیرِ عائد کا نام دیا گیا ہے۔

س 64: اسمائے اشارہ کسے کہتے ہیں؟ کونسے ہیں اور کس کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں؟

ایسے اسماء جو جس اشارہ کی ہوئی چیز پر دلالت کرتے ہیں۔

وہ یہ ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ذا | مفرد مذکر کیلئے | ذانِ | مثنیہ مذکر کیلئے |
| ذِہ | مفرد مونث کیلئے | تانِ | مثنیہ مونث کیلئے |
| اولاء | عاقل جمع کیلئے مذکر و مونث میں۔ | | |

EXCLUSIVE

Date:

س 65: اسم اشارہ تثنیہ کے لیے مذکر و مونث میں کیسے استعمال ہوتا ہے؟ نیز اعراب بتائیں۔

مذکر و مونث کی تثنیہ کے لیے اسم اشارہ بھی تثنیہ آئے گا۔
حالتِ رفع میں الف کے ساتھ، حالتِ نصب و جر میں یا کے ساتھ آتا ہے۔

س 66: نائب فاعل کی تعریف کریں۔

ایسا اسم مرفوع جو فاعل کی جگہ اسکے حذف ہونے کے بعد جگہ پاتا ہے۔

س 67: فعل ماضی اور مضارع سے مجہول بنانے کا طریقہ لکھیں۔

جب فعل کی اسناد نائب فاعل کی طرف کی جائے اور وہ ماضی ہے تو اوّل کو ضمہ دیں گے اور آخر کے ماقبل کو کسرہ دیں گے۔
اگر وہ مضارع ہے تو اوّل کو ضمہ اور آخر کے ماقبل کو فتح دیں گے۔
جس فعل میں یہ تبدیلی واقع اسے مبنی مجہول کہا جاتا ہے۔

س 68: فعل کب مؤنث ہوگا؟

جب نائب فاعل مونث ہو تو فعل مونث ہوگا۔

س 69: افعالِ ناقصہ کتنے اور کون کون سے ہیں اور یہ کس چیز پر داخل ہوتے ہیں؟

کان کی مثل عمل میں ماذال، ومابرح، ومالفک، ومافتیٔ، ومادام، بھی مبتدا و خبر پر داخل ہوتے ہیں، مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں۔ مبتدا کو کان کا اسم اور خبر کو کان کی خبر کہتے ہیں۔

س 70: افعال ناقصہ کن معنی میں استعمال ہوتے ہیں؟

ماذال، مابرح، مالفک، ومافتیٔ، کا اسم خبر کے ساتھ

EXCLUSIVE

Date:

تسلسل کا فائدہ دیتے ہیں۔
جبکہ ما دام پہلے دور کی وضاحت کرتا ہے۔

## افعال استمرار کو اداۃ نفی کیساتھ مقدم کرنا کیسا ؟ نیز دام سے قبل ما کس پر دلالت کرتا ہے ؟

افعال استمرار کو اداۃ نفی کیساتھ مقدم کرنا لازم ہے۔
ما کو دام پر مقدم کیا گیا جو کہ زمانے پر دلالت کرتا ہے۔

## مفعول مطلق کسے کہتے ہیں ؟

ایسا اسم منصوب جو اپنے لفظ میں فعل کے مطابق ہو۔
جو فعل کے بعد تاکید کے لیے آتا ہے یا قسم بیان کرنے
یا عدد بیان کرنے کیلئے آتا ہے۔